فلمستان لمیٹڈ کا تیار کردہ

انارکلی

अनार कली

اداکاران :۔ بینا رائے ۔ پردیپ کمار
مبارک وغیرہ ۔



شری نارائن پستکالیہ لال کٹرہ ۔ لاہوری گیٹ ۔ دہلی

سلوٹری شہزادہ سلیم اور حسین انارکلی کی محبت کی داستان تواریخ میں امر ہے۔ ان دو پریمیوں کے پوتر پریم کو دُنیا چاہے کسی نظر سے دیکھے لیکن ان معصوموں کی قربانیاں پریم کی دُنیا میں ایک خاص جگہ رکھتی ہیں۔

گانے انارکلی کے

اے بادِ صبا آہستہ چل یہاں سوئی ہوئی ہے انارکلی۔
آنکھوں میں جلوے سلیم کے لئے کھوئی ہوئی ہے انارکلی
یہ ہے شہیدِ عشق کا مقبرہ ۔ ذرا چل ادب سے یہاں ہوا۔
تجھے یاد ہو کہ نہ یاد ہو مجھے یاد ہے وہ ماجرا
یاد ہے مجھے وہ گھڑی ۔ جب اُن پر کسی کی نظر پڑی
یہاں حسن تھا وہاں تاج تھا ۔ یہاں عشق تھا وہاں راج تھا۔
یہ کہا سلیم نے پیار سے ۔ ہنس ہنس کے اپنی انار سے
تو کہے تو تاروں کو توڑ دوں ۔ تو کہے تو تاج بھی چھوڑ دوں
دیکھ کیسی ہوا چلی ۔ نہ رہا سلیم نہ وہ کلی ۔
یہ مزار نشانی ہے پیار کی ۔ اُس درد بھرے اقرار کی ۔
بھنورے کے انتظار میں ۔ یہاں سوئی ہوئی ہے انارکلی

نمبر ۲

آ۔آ۔آ ۔ یہ زندگی اُسی کی ہے جو کسی کا ہوگیا ۔ پیار ہی میں کھو گیا ۔
یہ بہار یہ سماں کہہ رہا ہے پیار کر ۔ کسی کی آرزو میں اپنے دل کو بے قرار کر
یہ زندگی ہے بے وفا ۔ لوٹ پیار کا مزہ ۔ یہ زندگی ......
دھڑک رہا ہے دل تو کیا ۔ دل کی دھڑکنیں نہ گن

پھر کہاں یہ زمین - پھر کہاں یہ رات دن
آ رہی ہے یہ صدا۔ مستیوں میں ڈوب جا۔ یہ زندگی......

نمبر ۳

گیتا دلے

دفا کی لاج رہ جائیگی، آجا تیرے آنے سے
محبت کی نظر نیچی نہ ہو جائے زمانے سے - آجان وفا.....
سکھنے ہیں مجھے پیار زمانے کو دکھا دے۔
دنیا کی نظر عشق کے قدموں پہ جھکا دے - آجان دفا.....
آجا یہ مرا ناز اٹھانا ہی پڑے گا۔ جب پیار کیا ہی تو نبھانا ہی پڑے گا۔
جن کے لیئے جان کی بازی بھی لگا دے۔ باقی نظر عشق کے.....
آ پیار کے طوفان میں لہرا کے چلا آ۔
ہر قید کو ہر رسم کو ٹھکرا کے چلا آ۔
عاشق ہے تو ہر چیز محبت پہ لٹا دے - دنیا کی نظر.......
دیوانہ محبت کا کہاں ڈر کے رکا ہے۔ دربار میں شاہوں کے کہیں عشق جھکا ہے
خود عشق کے دربار میں شاہوں کو جھکا دے - دنیا کی.....

نمبر ۴

لتا

آجا - اب تو آجا..... میری قسمت کے خریدار - اب تو آجا.....
نیلام ہو رہی ہے میری چاہت بھرے بازار۔ اب تو.....
سب نے لگائی بولی۔ للچائی ہر نظر - میں تیری ہو چکی ہوں دنیا ہے بے خبر
ظالم بڑے بھولے ہیں میری یہ طلبگار - اب تو آجا.......
حسرت بھری جوانی رحسن یہ شباب - رنگین دل کی محفل میرے حسین خواب
گویا کہ میری دنیا لٹنے کو ہے تیار - اب تو آجا.......

نمبر ۵

دل لگی ہے کیا۔ کبھی دل لگا کے دیکھ
آنسو بہا کے دیکھ کبھی مسکرا کے دیکھ
پروانہ جل رہا ہے۔ مگر جل رہا ہے کیوں۔
یہ راز جاننا ہے تو خود کو جلا کے دیکھ
مجھ سے مت پوچھ میرے عشق میں کیا رکھا ہے
ایک شعلہ ہے۔ جو سینے میں چھپا رکھا ہے۔
داغِ دل۔ داغِ جگر۔ داغِ تمنا لے کر
میں نے ویران بہاروں کو سجا رکھا ہے۔
دیکھنے والے تجھے دردِ محبت کی قسم
میں نے اس درد میں دنیا کو بھلا رکھا ہے۔

نمبر ۶

دُعا کر غمِ دل خدا سے دُعا کر ۔ وفاؤں کا مجبور دامن بچا کر
جو بجلی چمکتی ہے ان کے محل پر ۔ وہ کر لیں تسلی میرا گھر جلا کر ۔ دعا...
سلامت رہے تو میری جان جائے ۔ مجھے اس بہانے سے ہی موت آئے
کروں گی میں کیا چند سانسیں بچا کر ۔ دُعا کر......
میں کیا دوں تجھے میرا سب لٹ چکا ہے۔ دُعا کے سوا میرے پاس اور کیا ہے۔
غریبوں کا اک آسرا ہی خدا ہے۔ مگر میری تجھ سے یہی التجا ہے۔
نہ دل توڑنا دل کی دنیا بسا کر ۔ دُعا کر... ... ...

نمبر ۷

آ۔ آ۔ آ...... جاگ۔ دردِ عشق جاگ ہیمنت کمار لتا

دل کو بے قرار کر۔ چھیڑ کے آنسوؤں کا راگ ۔ جاگ ......
آنکھ ذرا لگی تیری سارا جہان سو گیا ۔ یہ زمین سو گئی آسمان سو گیا
سو گیا پیار کا سہاگ ۔ جاگ ....
آ۔ آ۔ آ.... کس کو سناؤں داستاں ، کس کو دکھاؤں دل کے داغ
جاؤں کہاں کہ دور تک ۔ جلتا نہیں کوئی چراغ
راکھ بن چکی ہے آگ ۔ دل کو بے قرار کر ۔
چھیڑ کے آنسوؤں کا راگ .... جاگ ....
ایسی چلی ہوائے غم ۔ ایسا بدل گیا جہاں
روٹھ کے مجھ سے چل دیئے ۔ میری خوشی کے کارواں
ڈس رہے ہیں غم کے ناگ ۔ جاگ ....

نمبر ۴

اس انتظار شوق کو جلوؤں کی آس ہے
اک شمع جل رہی ہے تو وہ بھی اداس ہے ۔
محبت ایسی دھڑکن ہے جو سمجھائی نہیں جاتی
زباں پر دل کی بے چینی کبھی لائی نہیں جاتی
چلے آؤ ۔ چلے آؤ ۔ تقاضہ ہے نگاہوں کا
کسی کی آرزو ایسے تو ٹھکرائی نہیں جاتی
بھرے دل نے چھپائے ہیں ۔ سپنے آج راتوں میں
جو حالت عاشقی کی ہے ۔ وہ بتلائی نہیں جاتی ۔ محبت ....

نمبر ۵

یتیمت نگار
زندگی پیار کی دو چار گھڑی ہوتی ہے ۔

چاہے تھوڑی ہی ہو۔ یہ عمر بڑی ہوتی ہے۔
تاج ہو یا تخت ہو یا دولت ہو زمانے کی۔ کونسی چیز محبت سے بڑی ہوتی ہے۔
دو محبت بھرے دل ساتھ دھڑکتے ہوں جہاں
سب سے اچھی وہ محبت کی گھڑی ہوتی ہے۔

نمبر ۱۰

میری تقدیر مجھے آج کہاں لائی ہے۔
شیشہ شیشہ جہاں میرا تماشائی ہے۔
مجھے الزام نہ دینا میری بیہوشی کا ۔ میری مجبور محبت کی یہ رسوائی ہے
محبت میں ایسے قدم ڈگمگائے ۔ زمانہ یہ سمجھا کہ ہم پی کے آئے
جسے کام ہو رات دن آنسوؤں سے
اُسے حکم یہ ہے۔ ہنسے اور ہنسائے۔ زمانہ.....
کسی کی محبت میں مجبور ہو کر ہم اُن تک تو پہنچے وہ ہم تک نہ آئے
زمانہ ......
وہ جن کے لئے زندگانی لٹا دی ۔ وہ بیٹھے ہیں میرا دل چرائے
زمانہ ......
چھپو گے کہاں تک نظر تو ملاؤ ۔ تمہاری بلا سے میری جان جائے
زمانہ یہ سمجھا ....

نمبر ۱۱

زندگی بے بس ہوئی ہے بے بسی کا ساتھ ہے۔
ایک ہم ہیں اس قفس میں یہ خدا کی ذات ہے۔
او آسماں والے۔ شکوہ ہے زندگی کا۔

سُن داستانِ غم کی افسانہ بےبسی کا
تُو دیکھتا رہے اور دُنیا ہمیں سزا دے
کیا ظلم ہے محبت اتنا ہمیں بتا دے۔
منزل پہ کیوں لُٹا ہے۔ ہر کارواں خوشی کا۔ او آسمان والے...
اتنی سی التجا ہے۔ تم سے میری دعا ہے
اللہ شرم رکھنا - دُنیا میں تو وفا کی - او...... ...
ہوتا ہے موت سے ہی انجام زندگی کا - او......

نمبر ۱۲

آ۔آ۔آ - یہ زندگی اُسی کی ہے جو کسی کا ہوگیا - پیار ہی میں کھوگیا
جو دل نہ مل سکے یہاں - ملیں گے اُس جہان میں
کھلیں گے حسرتوں کے پھول - جا کے آسمان میں
یہ زندگی چلی گئی جو پیار میں تو کیا ہوا - یہ زندگی .....
سُنائے گی یہ داستان شمع میرے مزار کی
فضا میں بھی ہے کھل رہی یہ کلی انار کی
اسے مزار مت کہو - یہ محل ہے پیار کا - یہ زندگی.....
اے زندگی شمع آ تجھے گلے لگاؤں میں -
تجھ میں ڈوب جاؤں میں جہاں کو بھول جاؤں میں
بس ایک نظر میرے صنم الوداع الوداع
الوداع - الوداع - الوداع

(ختم شد)

یہ نسخہ ایک مہاتما کا تیار کیا ہوا ہے۔ اسکی پہلی خوراک ہی اپنا چمتکار دکھاتی ہے۔

بل داتا

پنجاب کے کارگر رجسٹرڈ ۹۲۶ چکتسک وید دیندت اچل شرما کی تیار کردہ

جریان، احتلام، نیز کمزوری کی تیر بہدف دوا!

ہر انسان کی صحت وتندرستی کا دارومدار اسکی منی پر منحصر ہے لیکن بری صحبت، کثرت مجامعت یا رات رات بھر جاگنا وغیرہ وجوہات سے منی پر گرمی پہنچکر وہ پتلی پڑجاتی ہے جس سے جریان۔ احتلام۔ پیشاب یا پاخانہ سے پہلے یا پیچھے دھات کا گرنا۔ کمر یا ریڑھ کی ہڈی میں درد رہنا۔ دل ودماغ کمزور، کام کرنیکو دل نہ کرنا وغیرہ موذی امراض پیدا ہو جاتے ہیں۔ جن کو ہمیشہ دور کرنے کیلئے "بل داتا" اپنا ثانی نہیں رکھتا۔ دس روز استعمال کرنے سے منی جم کر گھی کی طرح ہوجاتی ہے۔ تیس روز متواتر استعمال کرنے سے تمام شکایات ہمیشہ کے لئے رفع ہوجاتی ہیں۔ قیمت تیس روز کا پورا کورس 2/-

محصول ڈاک /5/-

ملنے کا پتہ

ہری شنکر فارمیسی، لال کٹڑہ لاہوری گیٹ
دھلی